یوکرین کے وزیر خارجہ عزت مآب جناب دمیترو کولیبا، کا ہندوستان دورہ (28-29 مارچ، 2024)

29 مارچ 2024

یوکرین کے وزیر خارجہ عزت مآب جناب دمیترو کولیبا نے 28-29 مارچ 2024 کو ہندوستان کا سرکاری دورہ کیا۔

2. اپنے اس دورے کے دوران، یوکرین کے وزیر خارجہ نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر اور نائب قومی سلامتی کے مشیر شری وکرم مشری سے ملاقات کی۔

3. وزیر خارجہ اور وزیر خارجہ کولیبا کے درمیان 29 مارچ 2024 کو ہونے والی ملاقات میں ہندوستان اور یوکرین کے درمیان تعمیری بات چیت فروغ دینے اور باہمی تعلقات جس میں تجارت اور سرمایہ کاری، سائنس اور ٹیکنالوجی، دفاع، زراعت، صحت، ثقافت، اور تعلیم کو مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔

4. دونوں وزراء نے تجارت، اقتصادی، سائنسی، تکنیکی، صنعتی اور ثقافتی تعاون اور اس کے ورکنگ گروپس سے متعلق ہندوستان- یوکرین کے بین الحکومتی کمیشن سے متعلق امور پر بھی الگ الگ بات چیت کی۔ دونوں فریقوں نے اس سال کے آخر میں 7ویں آئی جی سی اجلاس منعقد کرنے کے لیے باہمی طور پر کام کرنے پر اتفاق کیا۔

5. علاقائی اور عالمی امور پر خیالات کے تبادلے میں جاری تنازعات اور پرامن حل کے حصول کی کوششوں پر ایک جامع بات چیت ہوئی، اور اسکو آگے بڑھانے پر زور دیا گیا۔

6. مختلف سطحوں پر باقاعدہ بات چیت اور باہمی میکانزم والی ملاقاتوں نے ہندوستان اور یوکرین کے درمیان موجود مضبوط اور کثیر جہتی شراکت داری میں کافی اہم کردار ادا کیا۔

نئی دہلی
29 مارچ 2024